# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

## (شعبہ قرآن و تفسیر)

### وارننگ

**عزیز طلبہ!**

آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس کا نام: اصولِ تفسیر اور تاریخ تفسیر۔** (4611) سمسٹر: خزاں **2026ء**

**سطح:** ایم۔اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 (یونٹ: 1تا5) کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ قرآن مجید کی تعریف کیجیے اور کورس میں مذکور اس کے پانچ اسماء کی تشریح کیجیے نیز موضوع قرآن پر نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قرآن مجید کے علوم پنجگانہ میں سے علم الاحکام ور علم التذکیر بالموت و مابعد الموت کے متعلقات کو بالتفصیل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قرآن فہمی کے راستہ میں حائل مشکلات میں سے غریب الفاظ، حذف اور ابدال کی عدم معرفت کو بیان کیجئے اور ہر ایک مشکل کا حل بھی تجویز کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تفسیر و تاویل کی لغوی و اصطلاحی تعریف کیجئے اور دونوں میں فرق کی توضیح مفصل تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ محکم، متشابہ، کنایہ، تعریض اور مجاز عقلی کی تعریفات مع امثلہ لکھیے۔ (20)

## مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 (یونٹ: 6تا9) کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ تفسیر بالرائے کی اقسام اور اس کے جواز و عدم جواز میں علماء کے موقف کو بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ التفسیر الکبیر اور تفسیر بیضاوی کے تعارف و خصائص پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ تفسیر کے فقہی رجحان کا تعارف کرنے کے بعد احکام القرآن للجصاص اور تفسیر قرطبیؒ کی خصوصیات کو بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ معارف القرآن اور ضیاء القرآن پر مختصر مگر جامع نوٹ لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تفسیر حقانی اور بیان القرآن کے منہج اور اسلوب پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)